# 3-آؤ کھیلیں




مستان، رحیم، رضیہ، عرشیہ، جانی، اور احمد کھیلنے کے لئے میدان گئے وہاں اور بھی کئی بچے موجود ہیں۔ وہ تمام مختلف کھیل کھیل رہے ہیں۔ آیئے دیکھیں وہ کیا کھیل کھیل رہے ہیں۔




☆ مندرجہ بالا تصویر میں بچے کون کون سے کھیل کھیل رہے ہیں؟

☆ کیا آپ بھی یہی کھیل کھیلتے ہیں؟ آپ کون کونسے کھیل کھیلتے ہیں؟

☆ کھیل ہر ایک کو پسند ہوتے ہیں! بتایئے کھیل کیوں کھیلنا چاہئے ؟



فرصت کے اوقات میں کھیل کھیلنے سے ہمیں خوشی حاصل ہوتی ہے۔جسم کے لیے مناسب ورزش حاصل ہوتی ہے۔ ہڈیاں،عضلات مضبوط ہوتے ہیں۔ اِمدادِ باہمی، ملکر کام کرنا جیسے اقدار فروغ پاتے ہیں۔



## کھیل - اقسام :

احمد اتوار کے دن چھوٹی اور بڑی بہن کے ہمراہ اپنے ہی گھر میں مختلف کھیل کھیلتا ہے۔

مستان نے اپنے دوستوں کے ساتھ میدان میں مختلف کھیل کھیلے۔احمد نے اپنے گھر پر کونسے کھیل کھیلے ہوں گے؟

مستان نے میدان میں کونسے کھیل کھیلے ہوں گے؟ گروہی طور پر مباحثہ کیجئے اور نیچے خانوں میں درج کیجئے ۔

| گھر میں کھیلے جانے والے کھیل | میدان میں کھیلے جانے والے کھیل |
|---|---|
| | |



© SCERT not to be republished


گھر اور میدان میں کھیلے جانے والے کھیلوں کی فہرست آپ تیار کر چکے ہیں! کیا آپ کے ماں باپ، دادا' نانا وغیرہ بھی اپنے بچپن میں یہی کھیل کھیلا کرتے تھے؟ وہ کونسے کھیل کھیلتے تھے؟ معلومات حاصل کیجئے اور لکھئے ۔



| کھیل جو آپ کھیلتے ہیں | کھیل جو آپ کے دادا، دادی نانا، نانی کھیلا کرتے تھے |
|---|---|
| | |





☆ آپ کے دادا کے زمانہ کے کھیلوں میں آپ کون سے کھیل کھیلتے ہیں ؟


☆ آپ کے دادا' دادی اور ماں باپ بچپن میں جو کھیل کھیلتے تھے

اب آپ اُن کھیلوں میں سے کون سے کھیل کھیلتے ہیں اور کون سے نہیں؟



ذیل میں دی گئی مختلف کھیلوں کی تصویریں دیکھئے۔ ان کھیلوں کے لئے کون سی اشیاء درکار ہوتی ہیں لکھئے ۔ یہ بتایئے کہ انہیں کہاں کھیلا جاتا ہے؟ گھر پر؟  یا باہر  ذیل کے جدول میں درج کیجئے :

| کھیل | کھیل کی اَشیاء | کہاں کھیلتے ہیں   |
|---|---|---|
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |



© SCERT not to be republished




## مختلف کھیل :

آپ مختلف قسم کے کھیل کھلتے ہیں! ان میں بعض کھیل اکیلے ہی کھیلے جاتے ہیں اور بعض ساتھیوں سے مل کر کھیلے جاتے ہیں اور چند کھیل زیادہ لوگ مل کر کھیلتے ہیں۔اس طرح کے کھیلوں کے بارے میں گروہی طور پر مباحثہ کیجئے اور تفصیلات ذیل میں درج کیجئے۔

| اکیلے کھیلے جانے والے کھیل | دونوں ملکر کھیلے جانے والے کھیل | زیادہ لوگ ملکر کھیلے جانے والے کھیل |
|---|---|---|
| | | |


کھیل کی اشیاء :




احمد،خلیل اور ماجد شام کے وقت کرکٹ کھیلنے گئے۔وہ بیاٹ، بال، وکٹ اپنے ساتھ لے گئے۔اس طرح آپ جو کھیل کھیلتے ہیں کیا ان کے لیے بھی اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے؟ اُسی طرح چند کھیلوں کیلئے کھیل کی اشیاء کی ضرورت نہیں ہوتی جیسے، چھپا چھپی کا کھیل۔ اس طرح کن کھیلوں کے لیے کھیل کی اشیاء درکار ہوتی ہیں اور کن کھیلوں کے لیے نہیں؟

ذیل کے جدول میں لکھئے۔

| وہ کھیل جن کے لیے کھیل کی اشیاء کی ضرورت نہیں ہوتی | وہ کھیل جن کے لیے کھیل کی اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے |
|---|---|
| | |





## کھیل ۔ اصول وضوابط :

رحیم، جانی، نوید، سمیع محمود اور مستان کبڈی کھیل رہے ہیں۔ کھیل کے درمیان وہ آپس میں لڑنے لگے۔ دوران کھیل کسی غلطی کی وجہ سے ان میں لڑائی ہوگئی۔ کھیل رُک گیا۔ رحیم، جانی اور مستان ناراض ہوکر گھر لوٹ گئے۔

**کیا آپ جانتے ہیں ؟**



چند کھیل جانوروں کی مدد سے کھیلے جاتے ہیں۔ پولو کھیل میں کھلاڑی گھوڑے پر سوار ہوکر بال کو بیاٹ سے مارتے ہوئے کھیلتے ہیں۔

### سوچ کر بولیے :

☆ بچوں نے کھیل کو درمیان میں کیوں روک دیا۔

☆ کھیلوں میں لڑائی جھگڑا نہ ہو اس کے لیے کیا کرنا چاہیے؟ غور کیجیے ؟

ہر کھیل کے اصول وضوابط ہوتے ہیں۔ کھیل ضابطہ کے مطابق ہی کھیلنا چاہیئے۔ کھیلتے وقت اصولوں کو نہیں توڑنا چاہیئے۔ ہار جیت سے بالاتر ہو کر کھیل کھیلنا بہت ضروری ہے۔ ہمیں روزانہ کھیل ضرور کھیلنا چاہیئے جس سے ہم صحت مند رہتے ہیں۔ اور دوستوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔



یوم اطفال 14 نومبر کے ضمن میں تمام بچوں کے لیے کھیل کے مقابلے منعقد کئے گئے تھے۔ دوڑ میں رحیم نے سب سے تیز دوڑ لگا کر پہلا انعام حاصل کیا۔ اسکول کے بچے اور اساتذہ نے رحیم کی ستائش کی۔


☆ آپ کے اسکول میں اچھا کھیلنے والوں کو کب کب انعامات سے نوازا جاتا ہے۔

☆ کھیلوں میں جیتنے والی ٹیم کی کس طرح ستائش کی جاتی ہے؟

© NCERT not to be republished

### کلیدی الفاظ

1. مختلف کھیل
2. گھر میں کھیلے جانے والے کھیل
3. میدان میں کھیلے جانے والے کھیل
4. کھیل کی اشیاء
5. اصول وضوابط
6. گروہوں میں کھیلے جانے والے کھیل
7. اکیلے کھیلے جانے والے کھیل
8. دونوں ملکر کھیلے جانے والے کھیل
9. ہار ۔ جیت
10. کھیل کے مقابلے



## هم نے کیا سیکھا

☆ کھیل کھیلنے سے صحت مند رہتے ہیں۔خوشی محسوس ہوتی ہے اور دوستانہ تعلقات فروغ پاتے ہیں۔
☆ کھیلوں کے کئی اقسام ہیں۔اکیلے کھیلے جانے والے،گروہی طور پر کھیلے جانے والے،گھر میں کھیلے جانے والے،اور میدان میں کھیلے جانے والے کھیل
☆ ماضی سے آج تک کھیلوں میں بہت ساری تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔آج کل کئی ایک نئے کھیل متعارف ہو چکے ہیں۔
☆ چند کھیل کھیلنے کے لیے کھیل کی مخصوص اشیاء درکار ہوتی ہے اور چند کے لیے نہیں۔
☆ کھیل میں ہار جیت کو مساوی طور پر قبول کیا جانا چاہیے۔
☆ کھیلوں کو اصولوں کے مطابق کھیلا جائے۔

### یہ کیجئے :



ماضی اور دورِ حاضر کے کھیلوں کا تقابل کرنے پر یہ پتہ چلتا ہے کہ دورِ حاضر کے کھیلوں میں کئی ایک تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔






**تصورات کی تفہیم :** 1. کھیل کیوں کھیلیں ؟
2. گیند سے کھیلے جانے والے کھیلوں کے نام لکھئے ؟
3. کھو۔کھو اور کرکٹ کے درمیان فرق بتلائیے؟
4. آپ گھر میں کونسے کھیل کھیلتے ہیں؟ اُنہیں کب کھیلا جاتا ہے ؟
5. آپ میدان میں کونسے کھیل کھیلتے ہیں؟ اُنہیں کب کھیلا جاتا ہے ؟
6. کرکٹ٬ کھو۔کھو جیسے کھیلوں کو میدان میں کھیلا جاتا ہے کیوں ؟ کیوں کہ۔-------------------------

**معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ۔ منصوبہ کام** 1. اپنی جماعت کے ساتھیوں سے پوچھئے کہ اُنہیں کونسے کھیل پسند ہیں ؟ ان کی تفصیلات دیئے گئے جدول میں درج کیجئے ۔ اکثر لوگ کونسے کھیل پسند کرتے ہیں؟

| سلسلہ نشان | نام | پسندیدہ کھیل |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |


2. مختلف کھیلوں کی تصاویر اخبارات سے حاصل کرکے (اِسکراپ بک ) Scrap Book میں چسپاں کیجئے۔
ان کے نام لکھئے؟ ان کھیلوں کے لیے جن اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے اُن کے نام لکھئے ؟

© SCERT not to be republished




## تصویراُتاریئے ۔ رنگ بھریے :

1.ذیل کی تصاویرآپ کی کاپی میں اُتاریے رنگ بھریے :









1. آپ کے اسکول میں سب سے اچھا کھیلنے والے کون ہیں ؟ جب کبھی وہ جیت حاصل کرتے ہیں تب آپ انہیں کس طرح مبارکباد دیتے ہیں ؟
2. کھیلوں میں جیتنے والوں کو دیکھ کر ہمیں کیا سبق حاصل کرنا چاہیے ؟ اُسی طرح ہارنے والوں کو دیکھ کر ہمیں کیا سیکھنا چاہیے ؟



## سوال کیجیے :


1. بچے میدان میں کبڈی کھیل رہے ہیں، اتنے میں اُن کے درمیان جھگڑا شروع ہوا اُسی وقت معلم آ گئے ۔معلم نے اُن سے کیا سوال کیا ہوگا ؟ بچے کیا جواب دیئے ہوں گے؟ اگر آپ اس وقت وہاں ہوتے تو کیا سوال کرتے؟



## کیا میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں؟



| | | |
|---|---|---|
| 1. | مختلف کھیلوں کے بارے میں وضاحت کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| 2. | گھر میں کھیلے جانے والے کھیل اور باہر کھیلے جانے والے کھیل کونسے ہیں کہہ سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| 3. | کونسے کھیل کسے پسند ہیں معلومات اِکٹھا کرسکتا ہوں اور اسکا اندراج کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| 4. | کھیل کی اشیاء کی تصاویر اُتار سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| 5. | کھیلوں سے متعلق سوالات کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |



© SCERT not to be republished